کوئٹہ ( آئی این پی ) کوئٹہ میں یوتھ آرگنائزیشن کے زیراہتمام یو این ڈی پی اور گلوبل ڈویلپمنٹ اینڈ ساؤتھ ساؤتھ کارپوریشن فنڈ چینا کے تعاون سے ہنر مند نوجوانوں میں مختلف ٹریڈ کے ٹول کٹس کی تقسیم کا ایک شاندار پروگرام منعقد کیا گیا۔ اس تقریب میں صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ، ایم این اے پھولین بلوچ، یوتھ آرگنائزیشن کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر حمید اللہ خان کاکڑ، یو این ڈی پی کے صوبائی ہیڈ ذوالفقار درانی، سیکرٹری عصمت اللہ قریشی.......... بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

اور ریحانہ خلجی سمیت دیگر اہم شخصیات نے شرکت کی۔ تقریب کے دوران ہنر مند نوجوانوں اور خواتین کو مختلف پیشہ ورانہ مہارتوں کے مطابق ٹول کٹس دی گئیں۔ ان ٹول کٹس کا مقصد نوجوانوں کو اپنی صلاحیتوں کے مطابق کاروبار اور خود روزگار کے مواقع فراہم کرنا ہے۔ اس اقدام کا مقصد نوجوانوں کی معاشی خود مختاری کو بڑھانا اور بے روزگاری کی شرح کو کم کرنا ہے۔ اس موقع پر مختلف اداروں کی جانب سے کی جانے والی اس مشترکہ کوششوں کو سراہا گیا۔ یوتھ آرگنائزیشن، یو این ڈی پی، اور گلوبل ڈویلپمنٹ اینڈ ساؤتھ ساؤتھ کارپوریشن فنڈ چینا نے اس پروجیکٹ کے ذریعے نہ صرف نوجوانوں کی فنی مہارتوں کو سراہا بلکہ انہیں عملی طور پر کامیاب ہونے کے لیے ضروری اوزار فراہم کیے۔ یو این ڈی پی کے صوبائی ہیڈ ذوالفقار درانی نے اس پروگرام کے بارے میں کہا کہ یہ ٹول کٹس نوجوانوں کے لیے ایک ایسا ذریعہ ہیں جس کے ذریعے وہ نہ صرف اپنے لئے روزگار پیدا کر سکتے ہیں بلکہ اپنے خاندانوں کے لیے بھی معاشی فوائد حاصل کر سکتے ہیں۔ صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے اس موقع پر اپنے خطاب میں کہا کہ "یہ ایک بہت ہی اہم قدم ہے

## لیاقت لہڑی کا بولان میں واقعہ سوشل میڈیا پر ٹاپ ٹرینڈ بن گیا

### اگر وہ جارحانہ رویہ اختیار کرتے تو صورتحال مزید کشیدہ ہونے کے امکان تھے، صارفین

کوئٹہ (یو این اے) بولان میں اسلحہ لینے کے واقعہ پر پارلیمانی سیکرٹری ٹرانسپورٹ میر لیاقت لہڑی کا صبر و تحمل سوشل میڈیا پر ٹاپ ٹرینڈ بن گیا گزشتہ روز عوامی حلقوں اور سوشل میڈیا صارفین نے ان کے تحمل اور بردباری کو سراہتے ہوئے کہا کہ اگر وہ اس موقع پر جارحانہ رویہ اختیار کرتے تو صورتحال مزید کشیدہ ہونے کا امکان تھا ذرائع کے مطابق، جب درہ بولان میں ہتھیار بند افراد نے کوئٹہ۔ سبی روڈ بلاک کر کے لوگوں کی چیکنگ شروع کی، اس وقت میر لیاقت.......... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

لہڑی نے کسی تصادم سے گریز اور تحمل کا مظاہرہ کیا ان کے اس رویے کو عوام میں بھرپور پذیرائی ملی، اور صارفین کا کہنا تھا کہ ان کا مقصد امن اور بھائی چارے کا فروغ ہے میر لیاقت لہڑی سبی تبلیغی اجتماع میں دعا کیلئے گئے تھے اور ان کا یہ رویہ ان کے عدم تشدد کے اصولوں اور قیام امن کے عزم کی عکاسی ہے سوشل میڈیا صارفین نے کہا کہ اس قسم کے مواقع پر صبر و حکمت کا مظاہرہ ہی اصل قیادت کی علامت ہے اور میر لیاقت لہڑی کا ردعمل قابل تحسین ہے۔

Century Express Quetta

## وزیر زراعت نے حب رند مارکیٹ واقعے کا نوٹس لے لیا

### 24 گھنٹے میں رپورٹ دینے کی ہدایت ذمہ داروں کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے علی حسن زہری

حب (خ ن) صوبائی وزیر زراعت و کوآپریٹو سوسائٹیز بلوچستان میر علی حسن زہری نے حب رند مارکیٹ میں پیش آنے والے افسوسناک واقعے میں جاں بحق افراد کے قتل کا سختی سے نوٹس لیتے ہوئے ضلعی انتظامیہ کو ہدایت کی ہے کہ واقعے میں ملوث مجرموں کا سراغ لگا کر انہیں جلد از جلد گرفتار کیا جائے وزیر زراعت بلوچستان نے ضلعی حکام کو ہدایت دی کہ المناک واقعے کی مکمل رپورٹ 24 گھنٹوں کے اندر پیش کی جائے تاکہ اس واقعے میں ملوث عناصر کو کیفر کردار تک پہنچایا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ ضلع حب کے امن و امان پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اور انتظامیہ کو ہدایت دی گئی ہے کہ مجرموں کو فوری طور پر گرفتار کر کے قانون کے مطابق سخت ترین سزا دی جائے میر علی حسن زہری نے کہا کہ حب کے شہریوں کی شہادت پر گہرا دکھ اور افسوس ہے اور حکومت (باقی صفحہ 5 نمبر 51

یقین دلاتی ہے کہ ملزمان کو ہر صورت کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا۔ انہوں نے شہداء کے اہل خانہ سے تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہداء کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے انہوں نے انتظامیہ کو ہدایت دی کہ سیکیورٹی پلان میں فوری توسیع کی جائے۔

## دنیا میں چیلنجز کا مقابلہ کرنے کیلئے جدید تعلیم و ہنر کا ہونا ضروری ہے میاں خان بگٹی

### مسلم لیگ ن بلوچستان کے نوجوانوں کو علم و ہنر کے حوالے سے ترقی دینے کیلئے جدوجہد جاری کر رہی ہے، وفاقی پارلیمانی سیکرٹری

### وہ ملک و قوم ترقی کرتا ہے جو اپنا وقت علم و ہنر حاصل کرنے میں استعمال کرے، پولیس فاؤنڈیشن ٹریننگ سینٹر بی میں نازیہ نصیر سے گفتگو

سبی (اے این این) وفاقی پارلیمانی سیکرٹری پیٹرولیم و انرجی پاکستان مسلم لیگ ن کے مرکزی رہنما وڈیرہ میاں خان بگٹی نے کہا ہے کہ دنیا میں چیلنجز کا مقابلہ کرنے کے لیے جدید تعلیم و ہنر کا ہونا بیحد ضروری ہے وہی ملک و قوم ترقی کرتی ہے جنہوں نے اپنا وقت علم و ہنر حاصل کرنے میں استعمال کیا بلوچستان پولیس فائنڈیشن ووکیشنل ٹریننگ سینٹر بی شہداء کی بچیوں کو علم و ہنر کی تعلیم دیکر ان کو تعلیم و ہنر یافتہ بنا کر انسانیت کی خدمت کر رہا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے بلوچستان پولیس فاؤنڈیشن ووکیشنل ٹریننگ سینٹر بی کی پرنسپل نازیہ نصیر سے گفتگو کرتے ہوئے کہا اس موقع پر پاکستان مسلم لیگ ن لیبر ونگ کے صوبائی صدر منیر احمد مسوری بگٹی نوکل پریس و سینئر صحافی ظہور احمد مگسی ، پی ایس عبدالرحمان بگٹی بھی موجود تھے قبل ازیں پرنسپل نازیہ نصیر نے بلوچستان پولیس فاؤنڈیشن ووکیشنل ٹریننگ سینٹر بی میں مختلف کورسز اور تربیت کے حوالے سے بھی تفصیلی آگہی فراہم کی

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.______ Dated: 25 FEB 2025 Page No.______

## حکومت ہیپاٹائٹس سی کا پھیلاؤ روکنے کیلئے اقدامات کرے، سینیٹر عبدالقادر

**بلوچستان میں مریضوں کے علاج کیلئے کوئی سہولت موجود نہیں، ملکی سطح پر آگاہی مہم شروع کی جائے**

اسلام آباد (پ ر) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ ہیپاٹائٹس سی کے پھیلاؤ میں پاکستان کا سرفہرست ہونا انتہائی تشویشناک ہے، اس کے پھیلاؤ کو جلد روکنے کیلئے حکومت ملک بھر میں ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کرے۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ بلوچستان رقبے کے اعتبار سے ملک کا سب سے بڑا صوبہ ہے جہاں ہیپاٹائٹس سی کے مریضوں کے علاج کیلئے کوئی سہولت موجود نہیں ہے، عام آدمی پرائیویٹ ہسپتالوں سے علاج معالجے کے بھاری اخراجات برداشت نہیں کرسکتا، وفاقی اور صوبائی حکومتیں مل کر ملک سے تمام امراض خصوصی طور پر ہیپاٹائٹس سی کے خاتمے کیلئے فوری طور پر جدوجہد کریں تاکہ ملک کی بڑی آبادی کو مہلک بیماریوں خصوصی طور پر ہیپاٹائٹس سی سے بچایا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ صحت کی بنیادی سہولیات سے محروم بلوچستان کے طول و عرض میں ایمرجنسی نافذ کردی جائے۔ تحصیل ہیڈکوارٹرز ہسپتالوں میں جگر کے امراض کے ماہرین کو تعینات کیا جائے تاکہ متاثرہ افراد کو بہترین طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جاسکے۔ لوگوں کو شفاف پانی اور ملاوٹ سے پاک اشیاء خورد و نوش فراہم کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے تاکہ وہ مہلک بیماریوں میں مبتلا نہ ہوں۔

## سرمایہ کاری اور تجارتی سرگرمیوں کے فروغ کیلئے پرعزم ہیں، بلال کاکڑ

**ہم سب نے مل کر بلوچستان کی ترقی و خوشحالی کیلئے اپنا کردار ادا کرنا ہے، کراچی میں عشائیہ سے خطاب**

کراچی (خ ن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے پاکستان کے نامور بزنس لیڈرز کے اعزاز میں کراچی کے مقامی ہوٹل میں عشائیہ دیا، جس میں بلوچستان کے سابق وزیراعلیٰ میر علاؤالدین مری، فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس (ایف پی سی سی آئی) کے چیئرمین ایڈوائزری بورڈ میاں زاہد حسین، پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے ڈائریکٹر احمد چنائے سمیت بزنس کمیونٹی سے تعلق رکھنے والی اہم شخصیات نے شرکت کی، اس موقع پر بلوچستان میں صنعتی ترقی، فشریز اور دیگر شعبوں میں سرمایہ کاری اور تجارتی سرگرمیوں کے حوالے سے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا، بزنس کمیونٹی نے بلوچستان کے مختلف شعبوں میں سرمایہ کاری میں دلچسپی کا اظہار کیا، اس موقع پر بوستان خصوصی اقتصادی زون کو جلد فعال کرنے اور صوبے میں ایکواکلچر (سمندری حیات کی فارمنگ) کو فروغ دینے کا فیصلہ کیا گیا، بزنس کمیونٹی نے بلوچستان کے عوام کیلئے ہسپتال اور دیگر فلاحی منصوبے شروع کرنے کا عندیہ بھی دیا، اس موقع پر بلال خان کاکڑ نے کہا کہ وقت آگیا ہے کہ بزنس کمیونٹی بلوچستان کا رخ کرے اور یہاں مختلف شعبوں میں اپنا سرمایہ لگائے، بلوچستان کو قدرت نے بے پناہ نعمتوں سے نوازا ہے مگر ان نعمتوں سے بھرپور طریقے سے فائدہ نہیں اٹھایا گیا، بزنس کمیونٹی اس ملک کی تعمیر و ترقی میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے، ہم سب نے مل کر بلوچستان اور پاکستان کی ترقی و خوشحالی کیلئے اپنا کردار ادا کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں جتنے وسائل دستیاب ہیں ہم انہیں عوام کی ترقی و خوشحالی کیلئے بروئے کار لاسکتے ہیں، حکومت بلوچستان ہر قسم کی سرمایہ کاری اور تجارتی سرگرمیوں کے فروغ کیلئے پرعزم ہے، انہوں نے کہا کہ بلوچستان کو دیگر صوبوں کے برابر لانے اور یہاں کے عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلئے تجارتی سرگرمیوں میں اضافہ ضروری ہے۔

## دکی: ایف سی کی زیرنگرانی ایک روزہ فری میڈیکل کیمپ

**کیمپ میں 1516 مریضوں کو علاج اور مفت ادویات فراہم کی گئیں، مکینوں کی ایف سی کے اقدام کی تعریف**

دکی (آن لائن) ایف سی بلوچستان کیجانب سے ایف سی 87 ونگ دکی کی نگرانی میں ایک روزہ فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد کلی جنگل میں کیا گیا۔ فری میڈیکل کیمپ میں میل اور فی میل ماہر ڈاکٹرز نے مریضوں کا معائنہ کیا اور مفت ادویات فراہم کی گئی۔ اسموقع پر ایف سی 87 ونگ کے کمانڈر کرنل محمد حنیف خٹک نے فری میڈیکل کیمپ کا دورہ کیا انہوں نے مریضوں کو دیئے جانیوالے علاج معالجے اور ادویات کا معائنہ کیا اور مریضوں سے دریافت کیا جس پر علاقہ مکین اور مریضوں نے انکا اور ایف سی بلوچستان کا شکریہ ادا کیا۔ علاقہ مکینوں نے کہا کہ ایف سی بلوچستان نے ہمیشہ غریب عوام کی مدد کی ہے انہوں نے کہا یونین کونسل جنگل کے عوام ایف سی بلوچستان اور ایف سی 87 ونگ کے شکرگزار ہیں کہ انہوں نے عوام کو انکے دہلیز پر مفت علاج معالجے کی سہولت فراہم کی ہے۔ فری میڈیکل کیمپ میں کل 1516 مریضوں کو علاج اور مفت ادویات فراہم کی گئی جس میں مرد مریضوں خواتین مریضوں اور بچوں شامل تھے۔ فری میڈیکل کیمپ سے مستفید ہونیوالے علاقہ مکین مریضوں نے ایف سی بلوچستان کے اس اقدام کو سراہا اور امید ظاہر کی کہ مستقبل میں بھی علاقے کے غریب عوام کیلئے مزید اچھے اقدامات اٹھائے جائیں گے۔

## محکمہ پولیس میں تبادلے

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) محکمہ پولیس میں تبادلے تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل پولیس بلوچستان معظم جاہ انصاری نے تعیناتی کے منتظر خرم نواز پنجوتھا کو ایس ایس پی جعفرآباد جبکہ ان کے پیش رو ایس ایس پی جعفرآباد فلائٹ لیفٹیننٹ (ر) عطا الرحمن کو ایم سی ایم سی کورس کیلئے سینٹرل پولیس آفس رپورٹ کرنے کی ہدایت کی ہے۔

## وزیراعلیٰ نے حب واقعے کا نوٹس لیکر آئی جی پولیس سے رپورٹ طلب کرلی، ترجمان

**انصاف کے تقاضے پورے کرینگے، ملوث ملزمان کی جلد گرفتاری کی ہدایت، شہید کے اہل خانہ سے اظہار ہمدردی**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ترجمان بلوچستان حکومت شاہد رند نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ نے حب رند مارکیٹ میں پیش آنے والے واقعے کا نوٹس لیتے ہوئے آئی جی پولیس سے فوری رپورٹ طلب کرلی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے واقعے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے آئی جی کو واقعے میں ملوث ملزمان کی گرفتاری کے لیے خصوصی ٹیمیں تشکیل دینے اور جلد قانون کے کٹہرے میں لانے کی ہدایات بھی کی ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے شہید کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے یقین دلایا کہ حکومت انصاف کے تمام تقاضے پورے کرے گی اور ذمہ داروں کو قانون کے مطابق سخت سزا دی جائے گی۔ ترجمان صوبائی حکومت نے کہا کہ بلوچستان حکومت عوام کی جان و مال کے تحفظ کے لیے ہر ممکن اقدامات کررہی ہے اور کسی کو بھی صوبے کے امن کو خراب کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ عوام کی جان و مال کا تحفظ ہر صورت یقینی بنایا جائیگا۔

CS CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.______ Dated: 25 FEB 2025 Page No.______


## لوگوں کو ماورائے قانون لاپتہ کرنے کا سلسلہ فوری بند کیا جائے، نیشنل پارٹی

**مکران میں داخلے کیلئے تین انٹری پوائنٹس، صوبے میں غیر ضروری چیک پوسٹیں ختم کی جائیں، مرکزی کمیٹی کے اجلاس کی قراردادیں**

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پارٹی کے مرکزی ترجمان علی احمد لانگو کے جاری بیان کے مطابق نیشنل پارٹی کی مرکزی کمیٹی کے اجلاس میں مختلف قرار دادیں منظور کی گئیں۔ ایک قرارداد میں کہا گیا کہ بلوچستان میں لوگوں کو لاپتہ کرنے کے عمل میں تیزی آئی لاپتہ افراد کمیشن اور عدالتوں سے لواحقین مایوس ہوچکے ہیں۔ اس لیے ان کے پاس سڑکوں پر دھرنا دینے کے سوا کوئی راستہ نہیں بچا۔ دھرنوں کے باعث آئے روز بلوچستان کی قومی شاہراہیں بند رہتی ہیں اور روز مرہ کے معمولات متاثر ہوتے ہیں۔ مرکزی کمیٹی مطالبہ کرتی ہے کہ لوگوں کو ماورائے قانون لاپتہ کرنے کا سلسلہ فوری طور پر بند کیا جائے۔ اجلاس میں اس امر پر تشویش کا اظہار کیا گیا کہ وفاقی فورسز نے اندرون بلوچستان سے مکران میں داخل ہونے کے لیے تین امیگریشن پوائنٹ قائم کیے ہیں۔ کنڈ ملیر، تلار اور بسیمہ میں لوگوں کی عزت ونفس کو مجروح کرکے انٹری کے ذریعے داخل ہونے کی اجازت دی جاتی ہے۔ مرکزی کمیٹی قرار داد کے ذریعے مذکورہ انٹری پوائنٹس اور بلوچستان میں غیر ضروری چیک پوسٹوں کے خاتمے کا مطالبہ کرتی ہے۔ لکپاس ٹنل پر قائم ایف سی چیک پوسٹ کی وجہ سے آئے روز چھ چھ گھنٹے راستہ بند رہتا ہے مرکزی کمیٹی قرار داد پاس کرتی ہے کہ لکپاس ٹنل پر قائم ایف سی چیک پوسٹ کو ختم کیا جائے۔ چولستان کینال سمیت دریا سندھ پر 6 کینال بنانے کے منصوبے سے سندھ اور بلوچستان کی آباد زمینیں بنجر بن جائیگی۔ سندھ کے عوام کی جانب سے احتجاج کے باوجود ارسا کی طرف سے چولستان کینال کے لیے نوٹیفکیشن جاری کرنا عوام دشمن اقدام ہے۔ نیشنل پارٹی قرار داد کے ذریعے مطالبہ کرتی ہے کہ چولستان کینال سمیت دریا سندھ پر 6 کینال بنانے کے منصوبے کو بند کیا جائے اور قومی اکائیوں اور عوام کو تحفظ فراہم کی جائے۔ نیشنل پارٹی کراچی میں قائم قدیم اور شعور کی علامت ظہور شاہ ہاشمی لائبریری کو ملیر ایکسپریس وے کی تعمیر میں منہدم کرانے کے منفی اقدام کی مذمت اور مطالبہ کرتی ہے کہ قومی وادبی ورثے ظہور شاہ ہاشمی لائبریری کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے۔

## حکومت کو کتب میلوں اور اسٹالوں سے تکلیف ہورہی ہے، لشکری رئیسانی

**بلوچستان کے لوگ کتاب دوست مزاحمت میں تیزی لاکر سازشوں کو ناکام بنائیں، کراچی میں خطاب**

کراچی (پ ر) سینئر سیاست دان وسابق سینیٹر نوابزادہ لشکری رئیسانی نے نئے تعلیمی سال کا ہدف بلوچستان کے لوگوں کیلئے پرائمری سے یونیورسٹیوں تک تعلیم حاصل کرنے کو قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان کے لوگ ایک باعزت، خودمختار منزل اور سفر کے تعین کیلئے کتاب دوست مزاحمت میں تیزی لائیں، طلباء وطالبات اپنے قومی نظم کو برقرار رکھنے کیلئے تعلیمی اداروں میں امن قائم، کتاب دوستی کی جدوجہد کیخلاف ہونیوالی سازشوں کو ناکام بنائیں۔ یہ بات انہوں نے کراچی کے مختلف تعلیمی اداروں کے طلباء وطالبات کی جانب سے اسٹریٹ لائبریری کراچی میں کتاب دوستی کے عنوان سے منعقدہ مذاکرے سے خطاب، طلباء وطالبات کے سوالوں کے جواب دیتے ہوئے کہی۔ مذاکرے سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے شرکاء کو خبردار کیا کہ اس وقت پورا خطہ بالخصوص بلوچستان ایک بہت بڑی تبدیلی کی طرف بڑھ رہا ہے، اس بڑی تبدیلی کے پیش نظر ہم نے اپنے علم، فکر اور حکمت سے اگر آئندہ کا لائحہ عمل طے نہیں کیا تو آنے والی نسلیں ایک بہت بڑے بحران سے دوچار ہوں گی کیوں کہ جو قومیں اپنے آئندہ کے لائحہ عمل کا تعین علم حکمت اور سنجیدگی سے کرتی ہیں وہی کامیابی کے مراحل طے کرتی ہیں، انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے طول وعرض میں جہاں بھی کتب میلے اور کتابوں کے اسٹال لگائے جارہے ہیں حکومت کو ان کتب میلوں اور اسٹالوں سے تکلیف لاحق ہورہی ہے اس تکلیف کی وجہ یہ ہے کہ ریاست جعلی قیادت کو مقامی قرار دینا چاہتی ہے اور وہ اس بات سے خوفزدہ ہے کہ بلوچستان کے لوگ علم کی روشنی میں اپنے آئندہ مستقبل کا تعین کررہے ہیں اس لیے بلوچستان میں کتاب دوستی کی جدوجہد کو ناکام بنانے کیلئے مختلف ہتھکنڈے استعمال کیے جارہے ہیں، انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے لوگ حکمت کے ذریعے ان سازشوں کو ناکام بنانے کیلئے اپنی کتاب دوست مزاحمت میں مزید تیزی لائیں۔

## منتخب ہونے والے مالا مال اور عوام بدحال ہوگئے، ہدایت الرحمان

**بلوچستان میں سفر کرنا بھی مشکل ہوگیا، عوام دشمنوں کو ناکام بنائیں گے، لورالائی میں ذمہ داروں اور وفد سے گفتگو**

کوئٹہ (پ ر) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا ہے کہ عوام کی حفاظت کے نام پر پچاسی ارب ہڑپ کرنے کے باوجود بدامنی عروج پر، شاہراہیں وشہری غیر محفوظ ہیں، حق دو بلوچستان مہم کے تحت عوام کو حقوق دلاکر لٹیروں، عوام دشمنوں کو ناکام بنائیں گے۔ وفاق، اسٹیبلشمنٹ اور سیکورٹی اداروں کو بلوچستان کے وسائل سے سروکار انہیں عوام کو امن ترقی دینے اور جان ومال کی حفاظت کی کوئی فکر نہیں کوئٹہ میں ایک لاکھ افراد کا دھرنا دینے کیلئے گوادر سے ژوب تک عوام کو تیار کرونگا۔ بلوچستان کی شاہراہیں محفوظ ہیں نہ شہر ودیہات ان حالات میں بلوچستان میں سفر کرنا بھی مشکل ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے لورالائی میں جماعت اسلامی ذمہ داران ووفد سے ملاقات کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی کے ذمہ داران اور نوجوان عوام کو حق دو تحریک کی جدوجہد میں شامل کریں سب نے عوام سے وعدے کیے عوام نے بھی سب کو آزمالیا منتخب ہونے والے خود تو مالا مال ہوئے مگر عوام کی حالت مزید خراب ہوئی۔ نوجوانوں کو ساتھ ملاکر منشیات فروش ودیگر مافیاز کو ناکام کرکے عوام کو صحت مند ماحول عوام، تاجروں، ٹرانسپورٹرز کیلئے بارڈر سمیت دیگر کاروبار شروع کروائیں گے۔ کوئٹہ میں ایک لاکھ افراد جمع کرنے کیلئے نوجوان، سماجی سیاسی ورکرز شہری وعوام اور علمائے کرام سمیت ہر طبقہ فکر سے رابطہ کرکے عوام کو متحد ویکجا کرکے حکمرانوں، مسلط شدہ نااہل لٹیروں سے نجات حاصل کریں گے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No.______

Dated: 25 FEB 2025 Page No.______

## حکومت مہنگائی پر کنٹرول اور رمضان میں عوام کو ریلیف فراہم کرے، سیاسی جماعتیں

یوٹیلٹی اسٹورز پر سبسڈی، چینی، گھی و دیگر اشیاء خوردونوش کی قیمتوں میں اضافہ کی بجائے کمی لائی جائے' ملک سکندر خان ایڈووکیٹ، داؤد شاہ کاکڑ

حکمران اشرافیہ کو نوازنے کیلئے عوام کی امیدوں پر شب خون مارنے کی تگ و دو میں ہیں، رہنما، پیپلز پارٹی شمس حمزہ زئی

کوئٹہ (اے این این) سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں نے کہا کہ حکومت رمضان المبارک میں مہنگائی سے دوچار غریب عوام کو ریلیف اور یوٹیلٹی اسٹورز کو سبسڈی دیا جائے چینی، گھی و دیگر اشیاء خوردونوش کی قیمتوں میں اضافہ کے انہیں کمی لائی جائے کیونکہ مافیاز کی وجہ سے مہنگائی روز بڑھ رہی ہے حکومت اشیائے خوردونوش میں ریلیف سے عوام کو فائدہ پہنچائے یہ بات جمعیت علماء اسلام کے مرکزی

بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

جوائنٹ سیکرٹری سابق اسپیکر اسمبلی ملک سکندر خان ایڈووکیٹ پاکستان تحریک انصاف کے صوبائی صدر داؤد شاہ اور پاکستان پیپلز پارٹی کے شمس حمزہ زئی نے بیان جاری کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ چینی، گھی مصنوعی بحران سے ملک کی رہی سہی معاشی سانسیں بھی رک گئیں اشرافیہ طبقہ کو نوازنے کیلئے عوام کی امیدوں پر شب خون مارا جارہا ہے مہنگائی سے تمام تر ضروریات زندگی عام آدمی کی پہنچ سے دور ہوتی جارہی ہیں

INTEKHAB QUETTA

## بلوچستان میں ہزاروں لوگ لاپتہ، قبائلی علاقوں میں حالات سنگین ہیں، حافظ نعیم

بڑی احتجاجی تحریک شروع کرنے کا اعلان، پہلے مرحلے میں شاہراہوں پر دھرنے، پھر گورنر اور وزیراعلیٰ ہاؤس کا گھیراؤ ہوگا، امیر جماعت اسلامی

آئی پی پیز کے معاہدہ میں تبدیلی کے باوجود عوام کو ریلیف نہیں مل رہا، عوام کو بجلی کے بلوں اور پیٹرول کی قیمت میں بڑا ریلیف ملنا چاہئے

لاہور (آن لائن) جماعت اسلامی نے رمضان المبارک کے بعد بڑی احتجاجی تحریک شروع کرنے کا فیصلہ کرلیا۔ امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان کی زیر صدارت منصورہ لاہور میں جماعت اسلامی کی مرکزی مجلس شوریٰ کے اجلاس میں عوامی حقوق کے لیے جاری تحریک سمیت ملکی سیاسی صورتحال کا جائزہ لیا گیا۔ حافظ نعیم الرحمان نے شوریٰ کے فیصلوں سے میڈیا کو آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ رمضان المبارک کے بعد پہلے مرحلے میں مین شاہراہوں پر دھرنے دیں گے، پھر گورنر ہاؤس اور وزیراعلیٰ ہاؤس کا گھیراؤ کیا جائے گا، حکومت کے لئے پھر عوام کو ریلیف دینے کے علاوہ کوئی آپشن نہیں ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ آئی پی پیز کے معاہدہ میں تبدیلی کے باوجود عوام کو ریلیف نہیں مل رہا، عوام کو بجلی کے بلوں اور پیٹرول کی قیمت میں بڑا ریلیف ملنا چاہئے۔ حافظ نعیم

بقیہ نمبر 12 صفحہ 5 پر

الرحمان نے کہا کہ ملک میں امن وامان کی بدترین صورتحال ہے، قبائلی علاقوں میں حالات زیادہ سنگین ہیں، بلوچستان میں ہزاروں لوگ لاپتہ ہیں، ریاست جب خود آئین کو پامال کریں گی لوگ کیسے آئین پر عمل کریں گے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.________ Dated: 25 FEB 2025 Page No.________


## مچ: مسلح افراد اور ایف سی کے درمیان فائرنگ کی زد میں آکر 2 راہگیر جاں بحق، 4 زخمی

**زد میں آنیوالے بی بی نانی کے تبلیغی اجتماع سے پیدل واپس آرہے تھے، زخمی ہسپتال منتقل، لاشیں ورثاء کے حوالے**

مچ (نامہ نگار) مچ کے قریب اتوار کی شب کالعدم تنظیم کے مسلح افراد اور ایف سی کے درمیان فائرنگ کے تبادلے کی زد میں آکر دو راہگیر جاں بحق جبکہ چار افراد زخمی ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق اتوار کی شام کالعدم تنظیم کے مسلح افراد مختلف مقامات پرناکے لگا کر چیکنگ کررہے تھے اس دوران بی بی نانی کے مقام پر مسلح افراد اور سیکورٹی فورسز میں فائرنگ کا شدید تبادلہ ہوا۔ فائرنگ کی زد میں آکر تبلیغی اجتماع میں شرکت کر کے پیدل لوٹنے والے اس فائرنگ کی زد میں آگئے۔ جس کے نتیجے میں دو افراد غلام فاروق ولد غلام سرور نبی داد ولد محمد کریم ساکنان سریاب کوئٹہ جاں بحق جبکہ چار افراد مطیع اللہ امان اللہ غلام رسول امین اللہ سکنہ کوئٹہ شدید زخمی ہوئے جنہیں درمیانی شب سول ہسپتال مچھ لایا گیا بعد ازاں زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد کے بعد کوئٹہ ریفر کردیا گیا جبکہ نعشیں ورثا کے حوالے کردی گئیں۔


MASHRIQ QUETTA


## قلات میں سینڈک پروجیکٹ کے سیکورٹی قافلے پر حملہ، ٹرک تباہ، 9 زخمی

**بارودی مواد نادرا دفتر کے سامنے نصب کیا گیا، دھماکے سے ٹرک میں آگ بھڑک اٹھی، ملزمان فرار ہوگئے**

**فورسز نے علاقے کو گھیرے میں لے کر سرچ آپریشن شروع کردیا، نامعلوم افراد کی تلاش جاری، زخمی ہسپتال منتقل**

قلات (نمائندہ مشرق) سینڈک پروجیکٹ کے سیکیورٹی قافلے پر حملہ، متعدد اہلکار اور شہری زخمی، منگچر میں نامعلوم مسلح عناصر کی جانب سے سینڈک پروجیکٹ کے لیے مشینری لے جانے والے سیکیورٹی فورسز کے قافلے کو گھات لگا کر نشانہ بنایا گیا۔ حملہ آئی...... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

ای ڈی دھماکے کی صورت میں نادرا دفتر کے سامنے نصب بارودی مواد کے ذریعے کیا گیا، جس کے نتیجے میں فورسز کے 8 اہلکاروں سمیت ایک شہری زخمی ہوگیا۔ زخمیوں میں نائیک جواد، سپاہی ساجد، رحمن، حوالدار ندیم، لانس نائیک عثمان، سپاہی عامر، نوید اور ایک عام شہری شامل ہیں۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق، حملے کے بعد علاقے کو گھیرے میں لے کر سرچ آپریشن شروع کردیا گیا ہے، جبکہ زخمیوں کو فوری طبی امداد کے لیے قریبی اسپتال منتقل کردیا گیا۔


INTEKHAB QUETTA


## صوبائی حکومت

## حب فائرنگ واقعہ ملزمان کو عبرتناک سزا دی جائے گی

**وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے واقعہ کا سختی سے نوٹس لیتے ہوئے آئی جی سے فوری رپورٹ طلب کرلی ہے، ترجمان شاہد رند**

**حکومت انصاف کے تقاضے پورے کرے گی، عوام کے جان و مال کے تحفظ کیلئے ہرممکن اقدامات کررہی ہے، بیان**

حب (نمائندہ انتخاب) ترجمان بلوچستان حکومت شاہد رند نے حب رند مارکیٹ میں پیش آنے والے افسوسناک واقعے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس واقعے کا سختی سے نوٹس لیتے ہوئے آئی جی پولیس بلوچستان سے فوری بقیہ نمبر 63 صفحہ 5 پر

رپورٹ طلب کرلی ہے وزیراعلیٰ نے ہدایت کی ہے کہ واقعے میں ملوث ملزمان کی گرفتاری کے لیے خصوصی ٹیمیں تشکیل دی جائیں اور انہیں جلد از جلد قانون کے کٹہرے میں لایا جائے پیر کو یہاں جاری ایک بیان میں ترجمان صوبائی حکومت شاہد رند نے بتایا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان نے شہدا کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے یقین دلایا ہے کہ حکومت انصاف کے تمام تقاضے پورے کرے گی اور ذمہ داروں کو قانون کے مطابق سخت سزا دی جائے گی ترجمان صوبائی حکومت نے کہا کہ بلوچستان حکومت عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے ہر ممکن اقدامات کررہی ہے اور کسی کو بھی صوبے کے امن کو خراب کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی انہوں نے کہا کہ عوام کے جان و مال کا تحفظ ہر صورت یقینی بنایا جائیگا۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No.

Dated: 25 FEB 2025 Page No.


## حکمرانوں کو اہل بلوچستان کے حقوق دینے ہوں گے

امیر جماعت اسلامی بلوچستان مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ حکمرانوں کو اہل بلوچستان کے حقوق دینے ہوں گے لاپتہ افراد کو بازیاب اور سی پیک، ریکوڈک، سیندک سمیت دیگر وسائل و پروجیکٹس میں حقوق دینے ہوں گے بلوچستان میں بدامنی و بے روزگاری عروج پر ہیں بے روزگاری، غربت و بارڈر بندش کی وجہ سے معاشی مسائل میں اضافہ ہوا ہے وفاق اور اختیار والے ہماری پریشانیوں و مشکلات کا تماشا کر رہے ہیں جماعت اسلامی نے حق دو بلوچستان مہم شروع کیا انشاء اللہ اس مہم کی کامیابی کی بدولت بلوچستان کے عوام کو حقوق ملنے کی راہ ہموار ہوگی ہم وفاق مقتدر قوتوں سے خیرات نہیں حقوق مانگ رہے ہیں اور حقوق بھی حالات خراب کر کے نفرت پھیلا کر ڈنڈے کے زور پر نہیں بلکہ امن جمہوری طریقے سے مانگ رہے ہیں بدقسمتی سے بلوچستان میں نہ جمہوری طریقے سے حقوق دیے جارہے ہیں نہ ہی پہاڑوں کی طرف جا کر احتجاج کر کے حقوق دیے جارہے ہیں بلوچستان کے عوام ماؤں بہنوں والدین کے جگر گوشے، جوان لاپتہ ہیں اس پریشانی میں مقتدر قوتیں، سیکورٹی ادارے، حکمران لاپتہ افراد کو بازیاب کرنے کے بجائے غفلت و کوتاہی کا مظاہرہ کر کے تماشائی بنے ہوئے ہیں جس کی وجہ سے لاپتہ افراد کی تعداد میں اضافہ اور لاشیں مل رہے ہیں۔ لاپتہ افراد بلوچستان کا سب سے بڑا انسانی مسئلہ ہے دوسری جانب بے روزگاری عروج پر ہے اہل پڑھے لکھے نوجوانوں کو نہ سرکاری اداروں میں ملازمت مل رہی ہے اور نہ نجی سطح پر کوئی فیکٹری وغیرہ ہیں جس میں ملازمت اختیار کر کے گھر کے چولہے کو بجھنے سے بچائیں۔ بارڈر بندش کی وجہ سے لاکھوں افراد بے روزگار ہوئے ہیں بارڈر بندش کے بجائے اسلحہ گولہ بارود اور منشیات کی اسمگلنگ پر سختی سے پابندی لگانی چاہیے چیک پوسٹوں پر لوٹ مار بھتہ خوری ختم کرنی چاہیے اور بارڈر کو قانونی کاروبار کیلئے فوری کھولنا چاہیے۔ بارڈر چیک پوسٹوں اور ساحل پر سیکورٹی اداروں کی بھتہ کوری رشوت و ٹوکن ٹیکس کی وجہ سے بلوچستان کے عوام تاجر و کاروباری حضرات بہت پریشان ہیں روز روز مین شاہراہوں کی وجہ سے بھی عوام تاجر ٹرانسپورٹرز پریشان جبکہ حکمران سیکورٹی ادارے تماشا کر رہے ہیں عوام کو تحفظ روزگار اور امن دینا حکمرانوں سیکورٹی اداروں مقتدر قوتوں کی ذمہ داری ہے جماعت اسلامی عوام کو انصاف، روزگار و حقوق دینے کیلئے کوئٹہ میں بہت جلد ایک لاکھ افراد جمع کر کے حقوق کی فراہمی کیلئے جاری حق دو بلوچستان تحریک کو مزید منظم و بہتر کریں گے

CS CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Express Quetta

Bullet No. (1) Dated: 25 FEB 2025 Page No.

# Polio Eradication in Balochistan

Polio remains a persistent public health challenge in Pakistan, with 74 cases reported nationwide in the past year, 27 of which were from Balochistan alone. This alarming statistic underscores the urgent need for innovative and effective strategies to combat the virus. The presence of poliovirus in environmental samples from various districts of Balochistan, despite ongoing vaccination efforts, highlights the gaps in immunity and the need for a more robust approach. The introduction of FIPV, which works in tandem with the Oral Polio Vaccine (OPV), is a scientifically backed strategy to address these gaps. Research has shown that FIPV provides an additional layer of protection, particularly for children who are malnourished or frequently ill, making it a critical tool in the fight against polio.

The EOC Balochistan's decision to deploy 1,625 vaccination teams for this campaign reflects the scale and seriousness of the initiative. By targeting high-risk areas and ensuring that children receive both FIPV and OPV, the campaign aims to create a stronger immune response and reduce the circulation of the virus. The inclusion of security measures to protect vaccination teams is also a welcome step, as it ensures the safety of healthcare workers and the smooth execution of the campaign. Success of this initiative hinges not only on the efforts of the government and healthcare workers but also on the cooperation of parents and communities. Misinformation and vaccine hesitancy remain significant barriers to polio eradication. Coordinator of the EOC Balochistan, Inam ul Haq, has rightly emphasized the importance of parental involvement, urging families to ensure their children receive the FIPV vaccine. The media, too, has a crucial role to play in dispelling myths and raising awareness about the importance of vaccination. A collective effort involving all stakeholders is essential to achieve the goal of a polio-free Balochistan. The fight against polio is not just a public health issue; it is a moral imperative. Every child deserves the right to grow up free from the threat of preventable diseases. The EOC Balochistan's campaign is a testa-

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Express Quetta

Bullet No. (2)

Dated: 25 FEB 2025 Page No.

ment to the province's commitment to this cause. However, sustained efforts, community engagement, and continued investment in healthcare infrastructure are necessary to build on this progress and ensure that polio is eradicated once and for all. FIPV campaign in Balochistan is a timely and vital initiative that addresses the gaps in polio eradication efforts. By combining scientific innovation with community engagement, this campaign has the potential to significantly reduce the incidence of polio in the province. It is now up to all of us-parents, healthcare workers, media, and policymakers to support this effort and work together towards a healthier, polio-free future for the children of Balochistan and Pakistan.

The Emergency Operation Center (EOC) in Balochistan has taken a commendable step towards eradicating polio from the province by launching a special vaccination campaign in high-risk districts. This initiative, which began on February 20, 2025, aims to administer Fractional Inactivated Polio Vaccine (FIPV) alongside oral polio drops to children in 78 high-risk union councils of Quetta, Chaman, Pishin, and Killa Abdullah. The campaign targets over 400,000 children aged 4 to 59 months, with the dual objective of boosting immunity and eliminating the poliovirus from the region. This effort is a significant stride in the fight against polio, a disease that continues to threaten the health and future of children in Pakistan, particularly in Balochistan.

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUET...

Bullet No.______ Dated: 25 FEB 2025 Page No.______


# ”میں بلوچستان ہوں! پاکستان میری پہچان“




پاکستان کو اللہ تعالیٰ نے خوبصورت ترین خطے عطا کیے جن کا ثانی ساری دنیا میں نہیں ملتا۔ یہ حسین وادیوں، برف پوش پہاڑوں، شور مچاتے دریاؤں، گیت گاتے چشموں، خوبصورت صحراؤں، دھنک رنگ، آبشاروں اور روشن تہذیب وتمدن کی سرزمین ہے۔ جس کو صحابہ کرامؓ، اولیائے اللہ سے لیکر محمد بن قاسم جیسے عظیم فاتح اسلام کی قدم بوسی کا شرف حاصل ہے۔ یوں تو پاکستان کا گوشہ گوشہ دھنک رنگوں سے مزین ہے لیکن صوبہ بلوچستان پاکستان کا واحد صوبہ ہے جہاں قدرتی نظارے اور فطرت کے تمام رنگ اپنی پوری آب وتاب کے ساتھ جلوہ گر ہیں۔ صوبے کے ایک جانب اگر صاف نیلگوں پانی کے بحیرہ عرب میں گوادر جیسی بندرگاہ موجود ہے تو دوسری طرف ضلع ژوب میں دنیا کا دوسرا سب سے بڑا چلغوزے کا جنگل آپ کو اپنی طرف کھینچتا ہے۔ ایک جانب اگر سبی جیسا گرم خطہ ہے تو کچھ ہی گھنٹوں کی مسافت پر پاکستان کا سب سے پرفضا مقام زیارت آپ کو اپنے سحر میں جکڑ لیتا ہے، صنوبر کے قدیم درخت اپنی مثال آپ ہیں۔ ایک جانب ہنگول نیشنل پارک جو کہ پاکستان کا سب سے بڑا پارک ہے، تو دوسری طرف ہزاروں سال پرانی تہذیب وتمدن کے آثار مہرگڑھ میں موجود ہیں جو بلوچستان کی عظمت رفتہ کی یاد تازہ کرتی ہے۔ بلوچستان رقبے کے لحاظ سے پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ ہے، اس کی سرحدیں افغانستان اور ایران سے ملتی ہیں۔ قدرت کا یہ حسین شاہکار سونا، کوئلہ، تانبا، کرومائیٹ اور جپسم کے علاوہ دیگر معدنیات کی پیداوار کا مرکز ہے۔ سرزمین بلوچستان میں ہر مکتبہ فکر کے لوگ آباد ہیں اور یہاں کے باسی صدیوں پرانی روایات پر آج بھی قائم ودائم ہیں، یہ غیور، جفاکش، مہمان نواز لوگوں کی سرزمین ہے۔ جغرافیائی حوالے سے یہ خطہ منفرد حیثیت کا حامل ہے۔ قدیم دور میں فاتحین کے لیے یہاں کے درے بھی رہنمائی کی علامت سمجھے جاتے تھے کیونکہ کسی بھی علاقے میں داخل ہونے کے لیے ہموار راستے کی ضرورت پڑتی ہے، اس زمانے میں باقاعدہ سڑکیں نہیں تھیں البتہ گھوڑوں پر سفر کرکے ایک علاقے سے دوسرے علاقے کا رخ کیا جاتا تھا۔ اس پس منظر میں بلوچستان کا درہ بولان، درہ مولا اور ژوب ایک تاریخی حیثیت رکھتے ہیں۔ یہاں چھی اور لسبیلہ کے دو بڑے میدانی علاقوں سمیت دنیا کے بڑے صحراؤں میں شامل ”صحرائے مکران“ بھی موجود ہے۔ سیاحتی حوالے سے بلوچستان ایک جاندار خطہ ہے۔ کوئٹہ سے چند کلومیٹر کے فاصلے پر بلوچستان کا ایک خوبصورت سیاحتی مقام ”ہربوئی“ واقع ہے۔ ہربوئی میں علم وحکمت کی دنیا کے حوالے سے سیکڑوں قسم کی جڑی بوٹیاں پائی جاتی ہیں جن سے یہاں کے مقامی لوگ اپنے روایتی طریقے سے نزلہ زکام، بخار سے لے کر شوگر جیسی موذی بیماریوں علاج کرتے ہیں۔ ژوب بلوچستان کے شمال مشرق میں واقع ایک تاریخی شہر ہے، یہاں پر ایک مشہور تفریحی مقام ”شین غر“ واقع ہے۔ یہ وادی پستہ، مخروط اور چلغوزے کے جنگلات میں گھری ہوئی ہے۔ یہاں ”کوہ سلیمان“ بھی ژوب سے شروع ہوکر صوبے کے اکثر علاقوں میں پھیلا ہوا ہے۔ 11440 فٹ بلند مشہور چوٹی ”تخت سلیمان“ بھی یہاں موجود ہے۔ اس صوبے کے تین اضلاع خضدار، قلات اور آواران پورے ملک کے لیے اہمیت کے حامل اور تاریخی اعتبار سے منفرد مقام رکھتے ہیں۔ ان اضلاع میں سکونت پذیر لوگ محل وقوع، قدرتی ومعدنی وسائل، قدیم ثقافتی طرز عمل کی وجہ سے ہمیشہ سے توجہ کا مرکز رہے۔ یہاں کی قدرتی جھیل، فلک بوس سنگلاخ پہاڑ جہاں خوبصورت ہیں وہیں معدنی وسائل سے بھی لبریز ہیں۔ خوبصورت وادیوں کا نظارہ، دلکش ودلفریب سیاحتی مقامات، کھائیاں، غار، درے اور صاف پانی کی بہتی آبشاریں یہاں کی خوبصورتی کو پوری دنیا میں اعلیٰ وارفع بنا دیتی ہیں۔ یہاں کا سیاحتی مقام زیارت اس اعتبار سے بھی بہت زیادہ اہمیت کا حامل ہے کہ یہ جگہ بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناحؒ کو بہت زیادہ پسند تھی جس کا ثبوت آپ نے اپنی زندگی کے آخری ایام اسی شہر زیارت میں گزارے تھے۔ قدرتی آبشاروں اور سرسبز باغات وپرفضاء ہوا کے باعث یہ وادی کسی دنیاوی جنت سے کم نہیں۔ 1899 کو یہاں قومی یادگار قائداعظم ریذیڈنسی کا قیام عمل میں لایا گیا۔ اس سیاحتی مقام میں سیب اور چیری کے بڑے بڑے باغات ہیں جن کا پھل بیرون ممالک میں بھی ایکسپورٹ ہوتا ہے۔ کوئٹہ سے ڈیڑھ سو کلومیٹر کے فاصلے پر سبی ایک تاریخی شہر ہے۔ تاریخی حوالے سے ”سبی میلہ“ ملک بھر میں مشہور ہے، جو ہر سال فروری کے مہینے میں منعقد ہوتا ہے۔ جس میں ملک کی اعلیٰ ترین قیادت شرکت کرتی ہے۔ اس میلے میں بلوچستان کے علاقے بھاگناڑی کے مشہور بیل وگائے اور صوبے کے دیگر علاقوں سے آئے جانوروں کی منڈی لگتی ہے، جس میں ایران، افغانستان اور ملک کے دیگر صوبوں کے بیوپاری اعلیٰ نسل کے جانور خریدنے کے لیے یہاں آتے ہیں۔ سبی ایشیاء کا سب سے گرم ترین علاقہ ہے، جہاں گرمیوں میں 52 سینٹی گریڈ تک گرمی پڑتی ہے۔ سبی سے تیس کلومیٹر دور لب درہ بولان کے مقام پر دنیا کی قدیم انسانی تہذیب ”مہرگڑھ“ موجود ہے، سات ہزار سال پرانی تہذیب اندرون وبیرون ممالک کے سیاح کو اپنی جانب متوجہ کرتی ہے۔ دور حاضر میں اس وقت بلوچستان کا ضلع گوادر پاک چین اقتصادی راہداری (سی پیک منصوبہ)، گوادر پورٹ کی وجہ سے نہ صرف عالمی نگاہوں کا مرکز بن چکا ہے بلکہ عالمی تجارتی مرکز کا روپ بھی دھار چکا ہے۔ سی پیک منصوبہ پر اقتصادی وتجارتی ماہرین کا کہنا ہے کہ سی پیک گیم چینجر منصوبہ ہے جو پاکستان میں معاشی ترقی اور استحکام لائے گا۔ اور پاکستان کی سٹریٹجک لوکیشن مشرق اور مغرب کے درمیان پل کا کردار ادا کرنے کے لیے بہترین ہے۔ پاکستان میں سرمایہ کاری ٹرانسپورٹ، تجارت اور ٹیکنالوجی کے شعبوں میں بے شمار نئے مواقع جنم لے رہے ہیں، گوادر ... ٹیکنالوجی کے ذریعے پاکستان عالمی تجارت میں اپنا کردار مزید مضبوط بنا سکتا ہے۔ اس منصوبے کے ثمرات نہ صرف پاکستان بلکہ پورے خطے میں ترقی اور خوشحالی کے نئے مواقع پیدا کریں گے۔ جدید سڑکوں، پلوں اور ریلوے نیٹ ورک کی تعمیر سے پورے خطے میں نقل وحمل کے ذرائع بہتر ہوں گے، جو تجارتی اور معاشی ترقی کے لیے مددگار ثابت ہوں گے۔ سی پیک کے توانائی کے منصوبوں سے پورے خطے میں توانائی کی کمی کو پورا کیا جائے گا، جس سے صنعتی اور تجارتی سرگرمیاں بڑھیں گی۔ اس منصوبے کے تحت پیدا ہونے والے لاکھوں روزگار کے مواقع نہ صرف پاکستان بلکہ دیگر ممالک کے لیے بھی معاشی خوشحالی کا باعث ہوں گے۔ اس منصوبے کی کامیاب تکمیل سے پورے خطے میں صحت، تعلیم اور دیگر سماجی شعبوں میں بہتری آئے گی، جس سے لوگوں کے معیار زندگی میں اضافہ ہوگا۔ اس وقت ملک دشمن عناصر کی طرف سے بلوچستان کی محرومیوں کا بیانیہ اور وسائل کی کمی کا منفی پراپیگنڈا دم توڑ چکا ہے، کیونکہ بلوچستان پسماندگیوں سے نکل کر ترقی کی راہ پر گامزن

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.________ Dated: 25 FEB 2025 Page No.________


MASHRIQ QUETTA



کوئٹہ: صوبائی وزیر سردار عبدالرحمان کھیتران سے بارکھان کا وفد ملاقات کررہا ہے



نصیر آباد: صوبائی وزیر صادق عمرانی ٹیمیل ووکیشنل سینٹر میں کمپیوٹر سیکشن کا افتتاح کررہے ہیں



نصیر آباد، صوبائی وزیر میر صادق عمرانی ٹیمیل ووکیشنل سینٹر میں کمپیوٹر سیکشن کا افتتاح کررہے ہیں